20198-کراٹے کھیلنے کا حکم جس میں شرک اور جھکنا شامل ہے

سوال

میں ایک تعلیمی ادارے میں کنگ فو (کراٹے) سیکھ رہا ہوں، اور تقریبا چار برس سے اسی معلم سے سیکھ رہا ہوں، اوراب میں اس کے قریبی طلبا میں شامل ہونے لگا ہوں جنہیں اس نے باقی طلبا سے مخصوص کر رکھا ہے، تا کہ انہیں لڑائی کے زیادہ اسلوب سکھائے، اوراس نے مجھے بیماری اوراس کا چائنی علاج (یا کھیل کے معین اور مخصوص طریقے) سکھائے ہیں.
ٹرینگ سینٹر میں اس وقت میری حالت یہ حتمی تقاضا کرتی ہے کہ میں ٹرینگ سینٹر میں مزید افراد کو ٹرینگ کے لیے لاؤں، اور شخصی طور پر بھی میری نیت یہی ہے کہ میں ٹرینگ سینٹر میں مزید افراد لاؤں جو اپنا دفاع کرنا سیکھ سکیں، لیکن اس ٹرینگ سینٹر میں مشکل یہ ہے کہ وہ دو قسم کا شرک اکبر وقفہ وقفہ سے ہوتا ہے، چاہے ٹرینگ دینے والا معلم طالب کو اس پر مجبور نہیں کرتا جب تک کہ طالب علم خود اس میں رغبت نہ رکھتا ہو.
تو کیا اس ٹرینگ سینٹر میں لوگوں کو ٹرینگ کی غرض سے کہ وہ اس شرکیہ کام میں شریک ہوں حرام ہوگا، اور کیا اگر وہاں لائے جانے بچے ہوں تو بھی حکم ایک ہی ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

مختلف قسم کی وہ ایکسر سائز کرنا اور کھیلیں جو شرعی حکم کے مخالف نہ ہوں اور اللہ تعالی کی عبادت کا مقصد پورا کرتی ہوں ان امور میں شامل ہوتی ہیں جن پر شریعت نے ابھارا ہے تا کہ جسمانی صحت اور بدنی قوت اور عقل کی سلامتی بحال رہے، اوراس کی مشروعیت پر کتاب وسنت کے دلائل ملتے ہیں، بلکہ اس پر ابھارا بھی گیا ہے.

لیکن بعض حالات میں یہ کھیل اور ورزش حرام ہوجاتی ہیں، اور حرمت اس کی ذاتی بنا پر نہیں، بلکہ اس لیے کہ اس کی بنا پر کچھ حرام امور سرانجام دیے جاتے ہیں، اور یہی چیز سائل کی ذکر کردہ چیز پر بھی منطبق ہوتی ہے.

شرعی مخالفت کے وقوع کی مثال یہ ہے کہ : غیر اللہ کے لیے جھکنا اور رکوع کرنا حرام ہے.

انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ :

"ایک شخص کہنے لگا : اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں جب کوئی شخص اپنے دوست کو ملے تو کیا وہ اس کے لیے جھک جائے ؟

تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"نہیں"

تو وہ شخص کہنے لگا : تو وہ اس سے معانقہ کرے اوراس کا بوسہ لے ؟

تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"نہیں"

تو وہ شخص کہنے لگا : تو کیا وہ اس سے مصافحہ کرلے ؟

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"جی ہاں، اگر چاہے"

سنن ترمذی حدیث نمبر (2728) ترمذی نے اسے حسن صحیح کہا ہے، سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (3702) علامہ البانی رحمہ اللہ نے السلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ حدیث نمبر (160) میں اسے حسن قرار دیا ہے.

ابن تیمیہ رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"سلام کے وقت جھکنا ممنوع کردہ افعال میں شامل ہوتا ہے، جیسا کہ ترمذی شریف کی حدیث میں وارد ہے :

صحابہ کرام نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا آیا جب کوئی شخص اپنے (مسلمان) بھائی کو ملے تو کیا وہ اس کے لیے جھک جائے ؟

تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"نہیں"

اور اس لیے بھی کہ رکوع اور سجود اللہ عزوجل کے علاوہ کسی کے لیے کرنا جائز نہیں"

دیکھیں : مجموع الفتاوی (377/1).

اگر آپ جانتے ہیں کہ جس شخص کو آپ اس ٹریننگ سنٹر میں شرکت کرنے کی دعوت دے رہے ہیں وہ کسی حرام یا شرک کی کوئی قسم کا مرتکب ہوگا تو آپ کے لیے ایسا کرنا جائز نہیں، چاہے وہ شخص بڑی عمر کا ہو یا بچہ ہو.

کیونکہ اس میں گناہ و معصیت میں معاونت ہوتی ہے، اور اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{اور تم نیکی و بھلائی کے کاموں میں ایک دوسرے کا تعاون کرتے رہو اور برائی و معصیت اور نافرمانی میں ایک دوسرے کا تعاون مت کرو}.المآئدۃ (2).

اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو ایسے کام کرنے کی توفیق نصیب فرمائے جو اسے پسند ہیں، اور جن سے وہ راضی ہوتا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

واللہ اعلم.